© rasailojaraid.com

معانی بیان کیے گئے ہیں۔ ساتھ ہی حسب ضرورت و موقع آیات یا احادیث کے حوالہ کے ساتھ معانی کی مزید تشریح و توضیح بھی کردی گئی ہے۔ شروع میں عربی زبان کی اہمیت اور متعدد قدیم لغاتِ قرآن کا تذکرہ ہے۔ مگر افسوس ہے کہ کتابت اور طباعت دونوں معمولی درجہ کی ہیں اور الفاظ پر چونکہ اعراب جلی یا واضح نہیں ہیں اس لئے جس شخص کو عربی کی بالکل بھی شد بد نہ ہو اُس کا اس سے پورے طور پر استفادہ کرنا مشکل ہے۔ البتہ عربی زبان کے طلبا اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ یہ کتاب کی صرف جلد اوّل ہے جو صرف شین پر ختم ہوئی ہے۔ اُمید ہے کہ جلد دوم بھی جلد شائع ہوگی۔

رسائل کے خاص نمبر

ملیح آبادی نمبر آزاد ہند کلکتہ ۔ مرتبہ احمد سعید صاحب ملیح آبادی۔ تقطیع کلاں ضخامت ۲۰۰ صفحات کتابت و طباعت بہتر۔ قیمت دو روپئے۔ پتہ:۔ دفتر آزاد ہند نمبر ۸/۲۲ ساگر دت لین کلکتہ ۱۲

مولانا عبدالرزاق ملیح آبادی عربی زبان کے بلند پایہ ادیب اُردو کے صاحب طرز انشاپرداز اور صحافی اور بہت سی کتابوں کے مصنف اور مترجم تھے، پھر عربی اخبار الجامعہ کلکتہ کی ادارت کی۔ پھر الہلال میں کام کیا اس کے بعد روزنامہ "ہند" اور "آزاد ہند" کے اڈیٹر رہے۔ آخر میں حکومتِ ہند کے سہ ماہی مجلّہ "ثقافۃ الہند" کے مُدیر مقرر ہوئے جس سے کم و بیش دس برس وابستہ رہنے کے بعد سبکدوش ہوئے اور جون ۵۹ء میں انتقال کیا۔ یہ نمبر انہیں کی یادگار میں نکالا گیا ہے جس میں ملک کے مشہور علماء۔ اربابِ قلم اور ادیبوں نے مضامین و مقالات لکھے ہیں اور ان میں مرحوم کی زندگی کے مختلف پہلوؤں اور کمالات پر روشنی ڈالی ہے اور اُن سے متعلق اپنے تاثرات بیان کئے ہیں۔ یہ تاثرات نظم اور نثر دونوں میں ہیں۔ علاوہ ازیں خود مرحوم کے قلم کی بھی متعدد تحریریں تذکرہ کی حیثیت سے شریکِ اشاعت ہیں۔ غرض کہ نمبر دلچسپ بھی ہے اور ایک ادبی اور تاریخی دستاویز بھی۔ اس کے پڑھنے سے اس عہدِ لبِ بام کے بہت سے واقعات کی تصویریں ذہن میں اُجاگر ہو جاتی ہیں۔

سالنامہ چراغِ راہ کراچی ۔ مرتبہ خورشید احمد و محمود فاروقی صاحبان تقطیع کلاں۔ ضخامت ۱۵۵ صفحات کتابت و طباعت بہتر۔ قیمت عہ۔ پتہ:۔ دفتر چراغِ راہ کراچی۔

© rasailojaraid.com